## سوال

(44)بچے کے پیشاب کے چھینٹے پڑجائیں توکیا حکم ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید اگرچہ پیشاب میں بہت احتیاط کرتا ہے مگر وہ کہتا ہے کہ پھر بھی چھینٹے پڑجاتے ہیں کیا اس پر اسے مواخذہ ہوگا؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

احتیاط کرنے سے تو چھینٹے نہیں پڑسکتے جب دوسرے لوگ بھی احتیاط کرتے ہیں تو اُن پر چھینٹے نہیں پڑتے صرف زید پر کیوں پڑتے ہیں اسے اس کے متعلق سبق لینا چاہیے، کیوں کہ اس پر مواخذہ کا خطرہ ہے۔

(اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۱، شمارہ نمبر ۲۴)

تشریح:... اِتَّقُوااللّٰہ مَا استَطَعْتُم کے مطابق اپنی پوری کوشش کرے گا تو لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفسًا اِلَّا وُسْعَھَا کے مطابق مواخذہ نہ ہوگا۔

# فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الطہارۃ جلد 1 ص 46

## محدث فتویٰ